سوال

(154)جب ہر نفس کی موت ہے تو جنت دوزخ کس کے لیے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہر چیز کی خواہش کرنے والا نفس ہے اور نفس ہی کو موت ہے تو بہشت و دوزخ کس کے لیے ہیں؟ (کل نفس ذائقۃ الموت) فتاویٰ اہلحدیث روپڑی جلد اول، صفحہ ۱۷٦)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

موت کے چکھنے سے مراد یہ ہے کہ بدن سے جان قبض کی جاتی ہے، چنانچہ قرآن مجید میں ہے:

اللَّهُ يَتَوَفَّى الْأَنفُسَ حِينَ مَوْتِهَا

''خدا موت کے وقت جانوں کو قبض کرتا ہے۔''

نیز جب بہشت دوزخ میں داخؒ ہونے کا وقت ہوگا روحیں بدنوں میں لوٹائی جائیں گی، قرآن مجید میں ہے:

وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ

''جب جانیں (بدنوں سے) ملائی جائیں۔''

نیز خدا خالق ہے، وہ نیست سے ہست کرسکتا ہے تو پھر بہشت دوزخ کس کے لیے۔۔۔کہنے کا کیا مطلب؟ (فتاویٰ روپڑی: جلد اول)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 09 ص 347